NSW ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن

طالبعلموں کے لیے طرز عمل کا ضابطہ

طالبعلموں، والدین اور کیئررز کے لیے معلومات۔

NSW کے پبلک سکولوں میں سب کو برابر حقوق حاصل ہیں اور ہر انسان تعلیم کے بلند ترین معیار حاصل کرنے کے لیے محنت کرتا ہے۔

یہ کوڈ (ضابطہ) NSW کے پبلک سکولوں کے تمام طالبعلموں کے لیے ہے۔ اس کا اطلاق سکول کی تمام سرگرمیوں پر ہوتا ہے، چاہے یہ سکول کے اندر ہوں یا سکول سے باہر، اور ان میں آن لائن سرگرمیاں بھی شامل ہیں، نیز اس کا اطلاق طالبعلموں کے انفرادی طرز عمل کے ساتھ ساتھ دوسرے طالبعلموں، اساتذہ، سکول کے عملے اور کمیونٹی کے ارکان کے ساتھ برتاؤ پر بھی ہوتا ہے۔

کوڈ کی تعمیل کے لیے میں **احترام کے ساتھ اور ذمہ دارانہ اور محفوظ انداز میں** پیش آتا/آتی ہوں اور اساتذہ اور عملے کی ہدایات پر عمل کرتا/کرتی ہوں۔

سب کا احترام

اس کا مطلب لحاظ اور احساس سے کام لینا ہے تاکہ ہر شخص کو لگے کہ اسے خوشی سے قبول اور شامل کیا جاتا ہے۔

میرا فرض ہے کہ میں:

- بات سننے اور بات کرنے میں احترام برتوں
- دوسروں کو موقع دوں کہ وہ تعلیم حاصل کرنے پر توجہ رکھیں
- ہر شخص کی قدر کروں اور ہر شخص کو شامل کروں اور منصفانہ سلوک کروں
- ہمارے سکول کے ماحول کا خیال رکھوں
- درست طریقے سے اور فخر کے ساتھ سکول یونیفارم پہنوں۔

ذمہ دارانہ رویّہ

اس کا مطلب اپنی حرکتوں کے سلسلے میں محتاط رہنا ہے تاکہ سب لوگ علم حاصل کر سکیں اور آپس میں اچھا تعلق رکھ سکیں۔

میرا فرض ہے کہ میں:

- جہاں تک ممکن ہو روزانہ سکول آؤں، وقت پر سکول اور کلاس میں پہنچوں، اپنی ضرورت کی چیزیں لاؤں اور سیکھنے کے لیے تیار رہوں
- سکول اور کلاس کے اصولوں اور معمولات پر عمل کروں
- ٹیکنالوجی کو محفوظ انداز میں اور علم حاصل کرنے کی خاطر استعمال کروں
- اپنا سکول کا کام مکمل کروں، پوری کوشش کروں اور ضرورت ہونے پر مدد مانگوں
- جہاں میرے لیے ممکن ہو، دوسروں کی مدد کروں
- اپنی غلطیوں سے سیکھوں اور بہتر بننے کی کوشش کروں۔

محفوظ رویّہ

اس کا مطلب ہے اپنا اور دوسروں کا خیال رکھنا تاکہ ہمارے سکول میں سب لوگ محفوظ رہ سکیں۔

میرا فرض ہے کہ میں:

- اساتذہ اور سکول کے عملے کی ہدایات پر عمل کروں
- دوسروں کی سپیس (اپنی ذات کے لیے گنجائش)، پرائیویسی اور دوسروں کی چیزوں کا لحاظ کروں
- اگر کوئی خود کو غیر محفوظ محسوس کر رہا ہو یا کسی کے ساتھ غیر منصفانہ سلوک ہو تو اس بارے میں بتاؤں اور مدد مانگوں
- پرسکون اور منصفانہ انداز میں اختلافات حل کروں۔

سب کو محفوظ رکھنے کی خاطر، مجھے بالکل اجازت نہیں کہ میں:

- کسی کے ساتھ اس کی شخصیت یا اسے مجھ سے مختلف بنانے والی خصوصیات کی وجہ سے غیر منصفانہ سلوک کروں
- کسی کے ساتھ مارپیٹ، تکلیف پہنچانے، دھمکی دینے، تنگ کرنے یا بُلنگ کا سلوک کروں، اور اس میں فون، ڈیوائس، کمپیوٹر، آن لائن یا سوشل میڈیا کے ذریعے ایسی حرکتیں بھی شامل ہیں
- سکول میں ہتھیار، غیر قانونی منشّیات، شراب، ویپ، ای سگرٹ یا تمباکو لاؤں

اگر میں ایسی حرکتیں کروں تو عملہ سب کو محفوظ رکھنے اور تعلیم جاری رکھنے کے قابل بنانے کی خاطر ایکشن لے گا۔ اس سلسلے میں مجھے معطّل (سسپینڈ) بھی کیا جا سکتا ہے۔

اساتذہ اور سکول کا عملہ مجھے سیکھنے، اچھے فیصلے کرنے اور محفوظ رہنے میں مدد دیتے ہیں۔ میں اصولوں کی تعمیل کروں گا/گی، دوسروں کی مدد کروں گا/گی، ان کے حقوق کا احترام کروں گا/گی اور سکول کو تعلیم اور وابستگی کا عمدہ مقام بنانے کے لیے اپنے خیالات بتاؤں گا/گی۔

☐ میں تسلیم کرتا/کرتی ہوں کہ مجھے طالبعلموں کے لیے طرز عمل کا ضابطہ مل گیا ہے اور میں اس میں واضح کی گئی توقعات سے واقف ہوں۔

طالبعلم کا نام: ....

☐ میں/ہم تسلیم کرتے ہیں کہ مجھے/ہمیں طالبعلموں کے لیے طرز عمل کا ضابطہ مل گیا ہے اور میں/ہم اس میں واضح کی گئی توقعات سے واقف ہوں/ہیں۔

والد/والدہ/کیئرر کا نام: ....

والد/والدہ/کیئرر کے دستخط: ....

ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس

اگر آپ مزید معلومات لینا چاہتے ہوں تو براہ مہربانی سکول کے پرنسپل کو کال کریں۔اگر آپ کو بات کرنے کے لیے انٹرپریٹر (مترجم) کی مدد درکار ہے تو براہ مہربانی 131 450 پر ٹیلفون انٹرپریٹر سروس کو فون کریں اور اپنی زبان کا انٹرپریٹر مانگیں۔

آپریٹر کو وہ فون نمبر بتائیں جہاں آپ کال کرنا چاہتے ہیں اور آپریٹر بات چیت میں آپ کی مدد کے لیے ایک انٹرپریٹر کو کال میں شامل کر لے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔